تمام مباحث قرآن وحدیث سے مدلّل ہیں۔اس کے علاوہ بنیادی اسلامی مصادر سے بھی استفادہ کیا گیاہے۔مناسب تھا کہ آخرمیں کتابیات کی فہرست درج کردی جاتی۔

نوجوان مصنف اس کتاب کی تالیف پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔امید ہےاس سے خاطر خواہ استفادہ کیاجائے گا۔ (م-ر)

ذٰلک الکتاب احمدابوسعید

شان پبلی کیشن، یوسف گوڑہ، طاہرویلی، حیدرآباد(اے پی)،۲۰۰۸،صفحات:۳۶۸، قیمت:-/۱۰۰روپے

زیرِنظرکتاب میں مختصرالفاظ میں قرآن مجید کے حقیقی مدعا ومقصداورمضامین سے روشناس کرانے کی کوشش کی گئی ہے۔اس کی تیاری میں مختلف مکاتبِ فکرکی بیس سے زائدنمائندہ تراجم وتفاسیر سے استفادہ کے علاوہ اُردوزبان میں مطالبِ قرآن پرلکھی گئی کتابوں سے مدد لی گئی ہےاور ہر رکوع کے مضامین ومطالب مختصراور عام فہم انداز میں پیش کیے گئے ہیں۔

زیرِنظرپانچویں اشاعت مجلداورکئی رنگوں پرمشتمل ہے۔ ہر رکوع کی اہم آیات یاان کے اجزاءاوردعاؤں کومع ترجمہ نقل کیا گیاہے۔وضاحتی نوٹ کوقوسین میں باریک خط (Small Font) میں پیش کیا گیا ہے، تاکہ قاری آسانی سے فرق کرسکے۔ اس کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے مولانا ایس-عبدالجلیل خان نے بجافرمایاہے:”متقدمین کی متعین کردہ چک بندی میں رہ کرقرآن کی روح کو باقی رکھتے ہوئے ترجمے کاحق اداکیاہےاورمزیدوضاحت اورقاری کی ذہنی صلاحیتوں کی تشفی کی خاطر بڑے عمدہ، برجستہ الفاظ ومرکبات پرمشتمل عبارات قوسین میں دے کرقرآن کے مطالب کودوبالا کردیا ہے“۔(ص:VIII)

کتاب کے آخر میں سورہ الفاتحہ کی جامعیت ومعنویت کی مزیدتوضیح پیش کی گئی ہے (ص:۳۴۱)اس کے علاوہ بطورضمیمہ قرآن فہمی کے چند بنیادی اصول (ص:۳۳۳)اورقرآن مجید کا چیلنج اوراس کی دعوت (ص:۳۳۶) پربھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ نیزقرآنی دعائیں (ص:۳۴۵) جمع کردی گئی ہیں۔

مناسب تھا کہ قرآن فہمی کے بنیادی اصول کتاب کے آغاز میں بیان کیے